کم عمری میں شراب پینے کے بارے میں ورجینیا کے قوانین

والدین کو کن باتوں کا علم ہونا چاہیئے:

- 21 برس سے کم عمر ہر فرد کے لیئے شراب پینا غیر قانونی ہے۔
- 24 برس سے کم عمر لوگوں کے ذہن کی نشوونما ہو رہی ہوتی ہے اور شراب سے اس پر بُرا اثر پڑتا ہے۔
- کم عمر کے لوگوں کی شراب نوشی کی پارٹیوں کی میزبانی کرنے پر قانون کے تحت والدین پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔
- 21 سال سے کم عمر لوگوں کے لیئے شراب پی کر گاڑی چلانا غیر محفوظ اور غیر قانونی ہے۔(خون میں شراب کی مقدار .02. یا اسے زیادہ ہونا)
- اپنے ضمیر پر کسی غیر ضروری ہلاکت یا حادثے کے بوجھ کا خطرہ مول نہ لیجیئے۔اگر آپ نے 21 برس کے کسی فرد کو شراب فراہم کی یا اس کے استعمال کی اجازت دی تو ایسا ہونا ممکن ہے۔

والدین کی حیثیت سے آپ یہ چیزیں کر سکتے ہیں:

- دوسرے والدین کو فون کیجیئے اور اِس بات کو یقینی بنایئے کہ سماجی اجتماعات شراب نوشی سے پاک ہوں اور ان کی نگرانی کے لیئے کوئی بالغ فرد موجود ہو۔
- 21 برس سے کم عمر ہر فرد کو شراب دینے سے انکار کیجیئے۔
- اپنے الکحل کے مشروبات کو تالہ لگا کر رکھیئے۔
- اِس بات کو یقینی بنایئے کہ آپ کے گھر میں یا آپ کی پراپرٹی پر آپ کے نوجوان بچوں کے دوست شراب نہ لانے پائیں۔
- قانونی حد سے کم عمر کے نوجوانوں کی شراب نوشی کی پارٹیوں کی اطلاع پولیس کو دیجیئے: **703-691-2131, TTY 711**

ترجمے اور دوسری معلومات اس پتے پر دستیاب ہیں:
www.unifiedpreventioncoalition.org
اگر آپ کسی اور شکل میں یہ معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں **تو** 571-423-4270 پر فون کیجیئے۔

فیئر فیکس کاؤنٹی میں کم عمری میں شراب نوشی میں کمی کرنے کے منصوبے کے لیئے جزوی طور پر رقم Office of National Drug Control Policy and. اور SAMHSA گرانٹ نمبر SP014409 کے تحت فراہم کی جاتی ہے۔

نظرِ ثانی شدہ 9-1-10

حقائق نامہ

21 برس سے کم عمر کے کسی بھی فرد کے لیئے شراب خریدنا، پینا، یا اپنے پاس رکھنا، پہلے درجے کا قابل مواخذہ جرم ہے۔ قصوروار پائے جانے پر، مندرجہ ذیل سزائیں دی جاسکتی ہیں:

- کم از کم $500 کا لازمی جرمانہ (زیادہ سے زیادہ $500 تک) یا کم از کم 50 گھنٹے کے لیئے کمیونٹی کی خدمت
- 6 سے 12 مہینے کے لیئے ڈرائیور لائسنس کی معطلی
- 12 مہینے تک کے لیئے جیل کی سزا
- اسکول کی پراپرٹی پر پکڑے جانے کی صورت میں اسکول سے ممکنہ اخراج، اور/یا ممکنہ طور پر اسکول کے اوقات کے بعد کی تمام سرگرمیوں سے علیحدگی، اسکول کی پراپرٹی کے باہر پکڑے جانے کی صورت میں بھی۔

یکم جولائی، 2008 سے، غیر قانونی طور پر شراب پینے کے بعد گاڑی چلانے کی اضافی سزا یہ ہے کہ ڈرائیور زلائسنس **لازمی طور پر** ایک سال کے لیئے منسوخ کر دیا جائے گا یا پہلی بار لائسنس حاصل کرنے میں تاخیر کر دی جائے گی۔شراب خریدنے کے لیئے جعلی شناختی کارڈ استعمال کرنے کی اضافی سزا یہ ہے کہ ڈرائیور زلائسنس ایک سال تک کے لیئے منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

کسی بالغ فرد کے لیئے 21 سال کی عمر سے کم کسی فرد کو شراب فراہم کرنا، پہلے درجے کا قابل مواخذہ جرم ہے۔ قصوروار پائے جانے پر مندرجہ ذیل سزائیں دی جاسکتی ہیں:

- ہر ایک نوجوان کو شراب فراہم کرنے کی پاداش میں $2,500 کا جرمانہ
- بالغ فرد کے ڈرائیور لائسنس کی چھ مہینے کے لیئے منسوخی، اور/یا 12 مہینے تک کے لیئے جیل کی سزا

*21 سال سے کم عمر کے کسی فرد کو اپنے گھر میں یا کسی دوسرے کے گھر میں شراب پیش کیئے جانے کے لیئے ضروری ہے کہ اس فرد کے والدین، سرپرست، یا شریکِ حیات اس کے ساتھ ہوں۔ والدین، سرپرست، یا شریکِ حیات اپنے 21 سال سے کم عمر کے اہلِ خاندان کو اپنے گھر میں شراب پیش کر سکتے ہیں۔

توجہ فرمایئے: کسی نابالغ کو (18 سال سے کم عمر) شراب پیش کرنے کو نابالغ کی غلط روی میں اعانت دینا قرار دیا جاسکتا ہے اور مقامی پولیس مقدمہ قائم کر سکتی ہے۔

The Fairfax Countywide Initiative to Reduce Underage Drinking
A task force of the Unified Prevention Coalition of FCPS

***Parents Who Host, Lose the Most* is a program of the**
Drug-Free Action Alliance